# مدرز ڈے

...ٹیبر نیکل، میری دُعا ہے۔ میں یقیناً آج صُبح، اس ٹیبر نیکل کی روحانی ترقی دیکھ کر خوش ہوں، اور کیسے، یہ اسے ختم کرکے، اب ایک نیا چرچ بنانے کی تیاری کر رہے ہیں۔ مجھے لگتا ہے کہ اس کی ضرورت ہے۔ اور اس کے بعد دیکھیں...اگر خُداوند یسُوع دیر کرتا ہے، تو ہمارے جانے کے بعد، ان کے پاس یہ ہوگا...ہمارے بچوں کے پاس چرچ جانے کے لیے جگہ ہوگی۔ اور ہم چاہتے ہیں، "اُس ایمان کے لیے دلجمعی سے جدوجہد کریں جو ایک بار مُقدسوں کو سونپا گیا تھا۔" غور کریں یہ ایک اچھی چیز ہے۔

2 اور بس تھوڑی دیر پہلے، جب میں اندر آرہا تھا، تو شفایابی کے بارے میں پہلے ہی سے بہت ساری گواہیاں لوگوں کے درمیان پیش ہوچکی تھیں، اُن عبادات کے بارے میں، جو یہاں ٹیبر نیکل میں ہوئی تھیں۔ وہ مسلسل، شفا پانے والوں، اور عظیم معجزاتی طور پر شفا پانے والوں کے ڈھیر لگاتے جا رہے تھے۔

3 میں نے کچھ دیر پہلے ہی، اپنی بیوی، اور بچوں کو باہر -باہر دروازے پر چھوڑا تھا؛ اور وہاں ایک بہن بیٹھی ہوئی تھی، جو اس وقت یہاں موجود ہے، وہ بہت زیادہ پرجوش تھی اور رو رہی تھی، میرا خیال ہے، چٹانوگا کے

علاقے میں، اُس کے چھوٹے پوتے کی زندگی میں، ایک عظیم معجزہ ہوا تھا۔ مسز نیش، اُس جگہ، آپ کا چھوٹا پوتا بہت زیادہ تکلیف میں مبتلا تھا، اور آخری عبادت میں، خُداوند یسُوع نے، میرا خیال ہے، اُسے پکارا تھا، اور کہا تھا، "خُداوند یوں فرماتا ہے، کہ، بیماری ختم ہو گئی ہے۔ اور وہ ٹھیک ہونے جارہا ہے۔" اوراب وہ چھوٹا لڑکا بالکل نارمل اور تندرست ہے، جتنا تندرست اُسے ہونا چاہیے۔

اور آپ ان-ان گواہیوں کو سن کر، پُرجوش ہوجاتے ہیں۔

4 اور پھر ایک نوجوان ساتھی ہے، جو اس وقت یہاں موجود ہے، اُس نے مسز سٹوٹس کے لیے دعا کی التجا کی تھی، اُس کا حال ہی میں آپریشن ہوا ہے۔ اور ان کی دلچسپی کو؛ دیکھیں، اگر کوئی نہیں چاہتا کہ ہم اُن کے لیے دعا کریں، تو کیوں وہ... اس سے ظاہر ہوتا ہے، کہ آپ کوشش کر رہے ہیں، آپ دیکھیں، جب لوگ چاہتے ہیں کہ آپ اُن کے لیے دعا کریں، تو پھر وہ، دلچسپی لیتے ہیں۔ کبھی کبھی یہ کام اتنا خوفناک ہو جاتا ہے، یہاں تک کہ... خوفناک نہیں، بلکہ زیادہ ہوجاتاہے، اور لگتاہے بس آپ کہیں بھاگ جائیں اور دُور چلے جائیں، اور تھوڑی دیر آرام کرنے کیلئے، کہیں چھپ جائیں۔ لیکن، مجھے- مجھے خوشی ہے وہ یہ کررہے ہیں۔ کبھی یہ نہ سوچیں کہ میں ان کو دیکھنا پسند نہیں کرتا ہوں، کیونکہ اگر وہ... اگر کوئی نہ چاہتا کہ میں اُن کے لیے دعا کروں، تو میری

خدمت کہاں ہوتی ہے؟ دیکھیں؟ سمجھیں؟

5 لیکن کبھی کبھی جب آپ کہتے ہیں، "بھائی برینہم ، مجھے سمجھ نہیں آتی جب لوگ اس طرح بلا رہے ہوتے ہیں ، اور-اور آپ کہیں اور چلے جاتے ہیں۔ " مجھے زندہ رہنے کیلئے اور لوگوں پر دعا کرنے کیلئے، یہ کرنا پڑتا ہے۔ آپ نہیں جانتے...یہ کام صرف یہاں، ایک-ایک جگہ کیلئے نہیں ہے۔ یہ پوری دنیا کیلئے ہے۔ کیا آپ سمجھ گئے ہیں؟ اور-اور یہ واقعی مشکل ہے. اور مجھے یقین ہے کہ آپ یہ جانتے ہیں۔

6 اوہ، مسیحی بننا بہت اچھی بات ہے ! میں نہیں جانتا اگر یہ کام میں مسیح کے لیے نہ کرتا تو میں کیا کرتا، اور پس...اور مسیحیوں کے ساتھ رفاقت رکھنا، دیکھیں، قیمتی ایمان والے لوگوں کے ساتھ رفاقت رکھنا ہے، جو خدا پر ایمان رکھتے ہیں اور اُس پر بھروسہ کرتے ہیں؛ اور یہ ایمان رکھتے ہیں کہ کسی جلالی دن ہم ساری جنگوں پر فتح پا لیں گے، اور غالب آجائیں گے، اور چھٹکارا حاصل کر کے دوسری جانب، اُسکی مانند کھڑے ہو جائیں گے۔

7 اور اب آنے والے ٹیبرنیکل کے بارے میں، دیکھیں، میں صرف ایک مختصر سا اعلان کرنا چاہتا ہوں، اور اسی طرح باقی چیزوں کے بارے، میں... دیکھیں ہم اپنی فاؤنڈیشن کی تجدید کر رہے ہیں، اور عبادات کے لیے میرا خاص حصہ ہے۔ کئی سال پہلے ، جب سے، میں نے اس انجیلی محاذ کا

آغاز کیا تھا، اوران تمام کنونشنوں کے ساتھ ساتھ، ایک اورفاؤنڈیشن بنانے کی بجائے، اورلوگوں کاایک دوسرا گروپ رکھنے کی بجائے، میں نے صرف اُس گروپ کو استعمال کیا جس سے میں واقف تھا؛ اور تب سے...ایک ہی فاؤنڈیشن بنائی تھی، تاکہ میری ہونے والی تمام عبادات صرف اور صرف برینہم ٹیبرنیکل کے نام سے منسوب کی جائیں۔ اوراس کے لئے نیو البانی یونین نیشنل بینک کو استعمال کیا جائے، تاکہ وہاں سے-سے فنڈز ادا کیے جائیں، اور جوفنڈز وہاں سے ادا کیے جائیں گے قابل ٹیکس نہیں ہوں گے۔ اگر میں نے ایسا نہ کیا، اگر میں نے برینہم ٹیبرنیکل کو بطورِفاؤنڈیشن استعمال نہ کیا، توتمام رقم جو لی گئی تھی وہ میرے لیے قابل ٹیکس ہوگی۔

8 آپ میں سے بہت سارے لوگوں نے مجھے، باربار یہ اعلان کرتے ہوئے سنا ہے۔ مجھے یہ کام کرنا ہے، اوریہ...اسے ترتیب دینی ہے۔ اور پھر-پھر اب ہم ایک نئی فاؤنڈیشن قائم کر رہے ہیں۔ اور ہم چاہتے ہیں زیادہ سے زیادہ لوگ اسے جانیں کہ میں...کتنے لوگوں نے مجھے یہ اعلان کرتے سنا ہے، کہ میں برینہم ٹیبرنیکل کے ذریعے کام کرتا ہوں، اورتمام اخراجات یہیں سے ادا ہوتے ہیں؟ بس اپنے ہاتھ اٹھائیں، سب...یقیناً، آپ سب جانتے ہیں۔ سبکو معلوم ہے۔

9 اورپس عبادت ختم ہونے کے بعد، اگرآپ چاہیں، تومیرے پاس ایک

سٹیٹمنٹ ہے، پس یہ آپکے لئے ہے،تاکہ آپ باہر جاتے ہوئے اس پر دستخط کر دیں۔ بھائی روئے روبرسن اسے وہاں پیچھے لے جائیں گے۔

10 کیونکہ،ہم ایک اور فاؤنڈیشن قائم کرنے جا رہے ہیں،بس یہی، چیز... لیکن یہ ایک اور فاؤنڈیشن ہے، تاکہ ہمارے تمام فنڈز اور باقی چیزیں، جو جو عبادت میں لی جاتی ہیں، ٹیکس لگائے جانے سے بچ جائیں، ایسا ہو گا... اور،ہمیشہ کی طرح،اسے یونین نیشنل بینک میں رکھا جائے گا،اورٹیبر نیکل کے ذریعے کام میں لایا جائیگا،بجائے اس کے کہ ایک-ایک فاؤن-...ایک اور بنیاد رکھی جائے۔ آپ اس پر غور کریں ،کیونکہ ،یہاں پہلے ہی سے برینہم ٹیبر نیکل کے نام پر،ایک فاؤنڈیشن موجود ہے۔ اوردیکھیں اس طرح تو،ایک برینہم یہاں اور ایک برینہم وہاں ہوگا،اور دیکھیں الگ الگ فاؤنڈیشنز بہت زیادہ اچھی طرح نہیں چلتی ہیں۔

11 بھائی روبرسن اس کا خیال رکھیں گے، اور جب ہم باہر جائیں گے،آپ اُسکا خیال رکھیں گے،ہم اسے سہرائیں گے۔

12 اب، آج صبح، خدمت میں حاضر ہونے سے پہلے، میں کہنا چاہوں گا، خُداوند کی مرضی سے، میں آج رات دوبارہ آنے کی کوشش کروں گا۔ بھائی نیول کی دونوں عبادات لینا مجھے پسند نہیں ہے، لیکن بھائی نے بہت زیادہ فراخدلی سے کہا ہے کہ میں آج رات آکر دوبارہ کلام سناؤ۔ اور اگر خُداوند نے چاہا، تو

میں آج رات ایک انجیلی بشارت کے موضوع پر بات کرنا چاہتا ہوں، جس کا عنوان ہے: یہ کون ہے؟ دیکھیں؟ یہ کون ہے؟

13 اور پس آج صبح، میں چاہتا ہوں... میں سوچ رہا تھا کہ -کہ آج صبح میں مدرز ڈے کے موضوع پر بات کروں۔ اور میں جانتا ہوں کہ آج صبح اور آج دوپہر سب لوگ مدر ڈے کے پروگراموں میں مصروف ہیں۔ تو میں نے سوچا میں بھی اس میں کچھ حصہ ڈال دوں، دیکھیں اس عبادت کے ختم ہونے کے فوراً بعد، ہم ہمیشہ کی طرح بیماروں کے لیے دعا کرنا چاہتے ہیں۔

14 ہمارا ایمان ہے کہ خُدا شفا دینے والا ہے، اور وہ بیماروں اور مصیبت زدوں کو شفا دیتا ہے۔ اور میں جانتا ہوں کہ وہ ایسا کرتا ہے۔ اور یہ بات کسی بھی شک سے -سے بالا تر ہے، اور سبب یہ ہے کہ ہم جانتے ہیں، 'کہ یہاں بہت ساری گواہیوں کے، ڈھیر لگے ہوئے ہیں۔

15 کل میں ایک بوری کو دیکھ رہا تھا جسے برادر جین اور لیو نے حال ہی میں رکھا تھا، یہ اُن گواہیوں سے بھری ہوئی تھی جو انہیں موصول ہوئی تھیں۔ اور وہ ایک بہت بڑی بوری تھی، جو اعلیٰ معجزانہ شفا کی گواہیوں سے بھری ہوئی تھی جو خُداوند نے لوگوں دی تھی۔

16 اور میں نے سوچا، کاش ایسا ہوجائے، کہ جو کچھ ہوا ہے ہم ان سب چیزوں کا حساب رکھ سکیں؟ میرا اندازہ ہے، پورٹو ریکو اور جمیکا میں، صرف

ایسا ہوا ہے، خُداوند نے جن لوگوں کو شفا عطا کی تھی، دس ہزار، یا اس سے بھی زیادہ، شاندار، گواہیاں موجود ہیں۔

اب اس سے پہلے ہم کتاب کھولیں، آئیں مصنف سے بات کرتے ہیں۔

17 خُداوند، ہم آپ کے بہت شکر گزار ہیں، اور، ہمارے سر جھکے ہوئے ہیں، اور ہمارے پاس کہنے کے لیے لڑکھڑاتے الفاظ ہیں؛ اور میں نہیں مانتا کہ انسانی ہونٹ کسی مرد یا کسی عورت کے دل کے جذبات کا اظہار کر سکتے ہیں، یا کسی لڑکے یا کسی لڑکی کے، جو کبھی آپ کے ساتھ رابطہ میں رہے ہوں۔ تاکہ اپنی عقیدت کا اظہار کر سکیں، ہم آپ کو کتنا چاہتے ہیں، اور آپ ہمیں کتنے عزیز ہیں۔ جس نے ہمیں گناہ سے الگ کر دیا ہے، اور جس نے ہمیں دنیا سے الگ کر دیا ہے۔ اور جس نے ہمیں وہ چیز عطا کر دی ہے جو ابدی اور بابرکت ہے۔ اور ہمارے پاس بولنے کیلئے بہت زیادہ الفاظ نہیں ہیں۔

18 جیسا کہ چند ہفتے پہلے، ایک شریف آدمی نے کہا تھا، کہ وہ تقریباً نو مختلف زبانوں میں روانی سے بول سکتا ہے، اور وہ شخص ہمارے پیارے صدر ڈوائٹ آئزن ہاور کے مشیر کے ساتھ اپنے عہدے پر فائز ہے۔ اور وہ اس لائق ہے اور وہ روانی سے، نو زبانیں بول سکتا ہے، اُس نے کہا، جب اُسے رُوحُ القُدس ملا، تو اُس نے نو میں سے ہر ایک کو آزمایا، اور اُن میں سے کوئی لفظ بھی تلاش نہ کر سکا، وہ ذرا بھی اظہار نہ کر سکا، اس لیے آپ نے اُسے

اظہار کرنے اور شکر کرنے کے لیے ایک نئی زبان عطا کی۔ اور ہم بھی ایسا، محسوس کرتے ہیں، خُداوند، کہ، جب زندگی ختم ہو جائے گی، تو ہم آپس میں ایک دوسری زبان میں باتیں کریں گے، تاکہ ہم آپ کے بارے میں جو سوچتے ہیں اُس کا اظہار کر سکیں۔

19 اب اے خُداوند، ہم چاہتے ہیں کہ، تُو اس ٹیبر نیکل کو، اسکے پاسٹر کو، اسکے ٹرسٹیز کو، اور اسکے ڈیکنوں کو برکت دے، اور اس کی ساری رفاقت کو، جو یہاں ہے اور جو دروازے کے اندر اور باہر ہے برکت دے۔ ہونے دے یہ ہمیشہ ، آرام کی پناہ گاہ کے لئے مخصوص رہے، تاکہ تھکے ہوئے لوگ، اس کے دروازوں سے اندر آ سکیں اور اپنی روح کو سکون اور تسلی دے سکیں، اور بیمار دروازے سے اندر داخل ہو سکیں، اور تندرست ہو کر باہر جا سکیں، کیونکہ یہاں قادرِ مطلق خُدا کی ہمیشہ رہنے والی حضوری موجود ہے اور وہ اس چھت کے نیچے رہتا ہے۔

20 ہم چاہتے ہیں، خُداوند، کہ تُو اس آنے والے پروگرام میں....جو اس وقت تشکیل دیا جارہا ہے شامل ہونا، تُو بورڈ کے لوگوں سے اور باقی سب سے ملاقات کرنا۔ اور اگر تیری رضا اس بات میں شامل ہو تو جو دعا اس پرانے تالاب میں کھڑے ہو کر مانگی گئی تھی اُس دعا کی یادگاری ہمیشہ تک قائم رکھنا، اور ایک دن یہ، گھاس پھوس تھا؛ لیکن اب یہ نور کا مینار بن گیا ہے، یہ تھکے

ہوئے لوگوں کے لیے آرام کی پناہ گاہ بن گیا ہے ، کیونکہ یہ اُس دعا کا جواب ہے۔

21 اب اگر ہم نے تیری عظیم مرضی کے خلاف کچھ کیا ہے، یا سوچا ہے ، یا کہا ہے، تو ہمیں معاف کردے؛ اے خُداوند ، یاد رکھنا، ایسی کوئی بات ہمارے دلوں سے نہیں نکلی ہے۔ لیکن ہو سکتا ہے ہم نے اپنے عمل سے یا اپنے لبوں سے کچھ ظاہر کیا ہو۔ لیکن، تُو جلد ہی، ہماری بات سن لیتا ہے۔ کیونکہ جب ہم نے دیکھا ہم نے غلطی کی ہے، ہم نے خوشی سے اُسکا اقرار کرلیا۔ اور ہم اپنے دل میں ، گناہ کو رکھنا نہیں چاہتے ہیں، کیونکہ ہم جانتے ہیں ورنہ خدا ہماری دعاؤں کا جواب نہیں دے گا؛ اسلئے مسلسل اپنی غلطیوں کا اقرار کرتے ہیں۔

22 اور اے خُداوند، آج صبح، ہم یہ دعا مانگتے ہیں، کہ تُو ہمیں برکت دے، آج پورے ملک میں، ماؤں کی یاد میں مدرز ڈے کا دن منایا جارہا ہے۔ لیکن ماں کیلئے صرف ایک-ایک دن نہیں ہونا چاہیے ؛ بلکہ ہر دن ہونا چاہیے۔

23 اے خدا، آج صبح، اُن تمام ماؤں، اور تمام خواتین کو ہدایت دے ، جو خدا سے دور جا چکی ہیں، کاش وہ سب آج صُبح، اپنے اپنے مقام پر آجائیں، اور وہ سب اس بات کو اچھی طرح پہچان لیں کہ لفظ ماں کا مطلب ہے، ”ایک جنم دینے والی ۔“ اور ایک ماں کو یہ احساس ہونا چاہیے، اولاد اُس

کے شوہر کے ملاپ سے ہوتی ہے، اور یہ چھوٹے مُقدس جوہر ہیں جن کی دیکھ بھال کے لئے خُدا نے اُسے رکھا ہے۔ اسلئے ،خُدا اُس سے اُسکے بچوں کی پرورش کا حساب لے گا۔ اور جیسا کہ کلام بھی فرماتا ہے، کہ، "جو عورت نیک ہے، اور ایک، ماں کے رتبہ پر فائز ہے، اُس کے بچے بھی اُسے مبارک کہیں گے۔"

24 اے خُداوند، جب ہم اِس دن پر غور کرتے ہیں، تو یہ کلام سے بہت دور ہوتی جارہی ہیں، اور تقریباً حیوانوں کی طرح عمل کررہی ہیں ! اے خُدا، ہم دعا کرتے ہیں، تُو ہمیں پرانے زمانے والی بیداری عطا کردے جو انہیں واپس اُس مقام پر لے آئے جہاں انہیں ہونا چاہیے۔

25 خُداوند، ہم کسی بھی طرح ، حقیقی ماؤں کے لیے، تیرا شکریہ ادا کرنا نہیں بھولیں گے، کیونکہ ہم جانتے ہیں ہمارے اس زمانے میں بھی: اصل ، حقیقی مائیں موجود ہیں۔ خُدا اُنہیں برکت دے ۔ وہ ہمارے لیے ایک بہت بڑا خزانہ ہیں، اور ہم دعا کرتے ہیں خُداوند، کہ تُو اُن کے ساتھ سدا رہنا ، اور وہ خوش رہیں اور اپنے پیٹ کے پھل کو خدا کی خدمت کرتے ہوئے دیکھیں۔

26 اور اے خُدا، آج صبح ہم اُن کیلئے دعا کرتے ہیں ،جو لوگ سفید گلاب یا سفید پھول پہنتے ہیں، وہ یہ ظاہر کرتے ہیں اُن کی والدہ آج اس دنیا میں نہیں ہے: اے، خُداوند خُدا، وہ آرام اور سکون میں رہیں اور اُنکے اعمال اُن کی

پیروی کریں۔ خُداوند، یہ بخش دے۔

27 اب اے خُداوند، اپنا کلام لے اور ان لوگوں سے بول، اور انہیں تسلی دے ، کیونکہ اسی مقصد کے لئے ہم سب یہاں اکٹھے ہوئے ہیں؛ تاکہ تیری حضوری کو محسوس کریں، تیرا کلام سنیں، اور برکت پائیں؛ اور جب ہم یہاں آئے تھے ، اُس سے اچھے مرد اور خواتین ، اچھے لڑکے اور لڑکیاں بن کر یہاں سے جائیں۔ ہم یہ دعا خُدا کے بیٹے ، یسُوع کے نام میں مانگتے ہیں۔ آمین۔

28 میں خُدا کے بابرکت کلام کو پڑھنا پسند کرتا ہوں۔ پس آج صبح، ہم پہلے کرنتھیوں کی کتاب کو، کھولیں گے، اور 15ویں باب کے ایک حصے کو پڑھیں گے، آئیں پہلی آیت سے شروع کرتے ہیں۔

اب اَے بھائیو ! مَیں تُمہیں وُہی خُوشخَبری جتائے دیتا ہُوں جو پہلے تمہیں دے چُکا ہُوں، جِسے تُم نے قبُول بھی کر لیا تھا، اور جِس پر قائِم بھی ہو؛

اُسی کے وسِیلہ سے تُم کو نِجات بھی مِلتی ہے، بشرطیکہ وہ خُوشخَبری جو مَیں نے تُمہیں دی تھی یاد رکھتے ہو، ورنہ تُمہارا اِیمان لانا بے فائِدہ ہُوَا۔

چُنانچہ مَیں نے سب سے پہلے تُم کو وُہی بات پہُنچا دی جو مُجھے پہُنچی تھی، کہ مسِیح کِتابِ مُقدّس کے مُطابِق ہمارے گُناہوں کے لِئے

مُوَا؛

اور وہ دفن ہُوَا، اور وہ تیسرے دِن کِتابِ مُقدّس کے مُطابِق جی اُٹھا؛

29 آپ کہہ سکتے ہیں، "برادر برینہم، یہ مدرز ڈے کے پیغام کے لیے ایک غیر معمولی حوالہ ہے۔" ٹھیک ہے، یہ سچ ہے۔ لیکن، آپ جانتے ہیں، خدا غیر معمولی ہے، اور وہ غیر معمولی طریقے سے کام کرتا ہے۔

30 اور میرا خیال ہے، ماں کے بارے میں، بہت سارے خیالات ہیں۔ اور خُدا کے فضل سے، آج صبح میری ماں ہے، اور ابھی تک اس دھرتی پر ہمارے ساتھ ہے۔ اور میں ماں کیلئے شکرگزاری کرتا ہوں۔ اور جو لوگ ہمارے ساتھ تھے، اُنکے لئے، ایک شفائیہ عبادت کرنی ہے، اور مجھے نہیں معلوم میں آج رات کو واپس آوں گا، لیکن میرا خیال ہے ہم ایک مختلف قسم کی تصویر کشی کر سکتے ہیں۔

31 ماں بہت عظیم ہے۔ آپ جانتے ہیں، اس زندگی میں، سب سے پہلے آپ کو قبول کرنے والی ذات، آپ کی ماں ہے۔ کوئی آپ کو چھو نہیں سکتا، کیونکہ آپ اُسکے پیٹ میں ہوتے ہیں، اور وہ آپ کو اپنے دل کے قریب رکھتی ہے۔ اور وہ سب سے پہلے آپ کو جانتی ہے، اور اس زندگی میں، سب سے پہلے، آپ کو۔کو تھام لیتی ہے۔ پھر، جب آپ پیدا ہوتے ہیں، تو اُس کے ہاتھ

سب سے پہلے آپ کو چھوتے ہیں اور آپ کی آنکھوں سے آنسو پونچھ دیتے ہیں۔ اس زندگی میں، سب سے پہلے تھپکی دینے والی اور آپ سے پیار کرنی والی، اور آپکو لوری دینی والی، آپ کی ماں ہوتی ہے۔ اور، میرا خیال ہے اس دُنیا میں اتنی عزت نہیں ہے جو ہم اپنی ماں کو دے سکیں۔

32 ماں بچے کے ساتھ سب سے پہلے ہوتی ہے، اور اُس پر ایک بہت بڑی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ بچہ کیا بنے گا، اور جس راستے کی بنیاد ماں رکھے گی اُسی راستے پر بچہ اپنے سفر کا آغاز کریگا۔ خُدا کی طرف سے، ماں کی ایک ذمہ داری ہے، کہ اپنے بچے کو ٹھیک راستے پر چلائے۔ اور میرا خیال ہے اسی وجہ سے ماؤں کے پاس ایک چھوٹا سا خاص لمس ہوتا ہے۔

33 میں اس شہر کے ایک لڑکے کو جانتا ہوں۔ میرا خیال ہے اُس کی ماں ابھی تک موجود ہے۔ وہ لڑکا تقریباً میری عمر کا ہے۔ لیکن میں یہ بات کسی ماں کو تکلیف دینے کے لیے نہیں کہہ رہا ہوں؛ کیونکہ تمام ماؤں کی طرح، اُس ماں کو بھی کافی تکلیف ہوتی ہوگی۔ کیونکہ لڑکا شرابی ہے، اور وہ کافی زیادہ شراب پیتا ہے۔ اور جب وہ نشے میں دُھت ہو کر، گھر آتا ہے تو اپنی ماں کے گلے میں بازو ڈالتا ہے اور اُسکے ساتھ بستر پر اچھلتا ہے۔ حالانکہ اُسکے بچوں کے بچے ہیں۔ لیکن ماں کی ایک تھپکی کے اندر کچھ چھپا ہوا ہے، جو اس زندگی میں، کسی۔ کسی بھی دوسری چیز سے بڑھ کر چھونا ہے، اور منفرد چھونا ہے؛ انسانی طور پر

بات کر رہا ہوں۔

34 آپ موسیٰ جیسے ایک انسان کو جانتے ہیں، وہ... اگر اُسکے کردار کا میں کسی کو کریڈٹ دینا چاہتا ہوں، تو وہ اُسکے لئے خُدا کی طرف سے بھیجی گئی ایک ماں تھی۔ آپ جانتے ہیں یہی وہ ہستی تھی جس نے دُعا کی تھی، اوریوکبد، اُس بچے کیلئے بڑی بیتاب تھی۔ اور دیکھیں جب وہ پیدا ہوا، تو وہ اُسے لوری دیا کرتی تھی، اور ایک دن اُس نے اُسے ٹوٹے ہوئے دل کے سے ساتھ گلے لگایا، اور سرکنڈوں کا ایک صندوق بنا کر اُس میں رکھ دیا اور پانی میں بہادیا۔ اُس کا یہ چھوٹا سا ننھا بچہ ،دیکھیں پوری دنیا میں-میں سب سے زیادہ حسین اور خوبصورت بچہ تھا۔ اور ایک ماں ہر بچے سے پیار کرتی ہے ! لیکن اس خاص ننھے بچے پر غور کریں !

35 اور دیکھیں، وہ اپنے دل میں، جانتی تھی کہ وہ ایک مقصد کے لیے پیدا ہوا ہے، اور پھر بھی اُس نے اُس بچے کو لے جا کر، دریا میں ڈال دیا اور مگرمچھوں کے مُنہ میں دھکیل دیا۔ ایمان کے وسیلے وہ جانتی تھی ، خُدا اُس کی حفاظت کرنے کے قابل ہے؛ اور یہ بات ایک ماں کی محبت کا خلاصہ ہے، اور اُس کے ایمان کے کردار کا ایک عمل ہے۔ کیونکہ ایمان اپنے آپکو گرتی ہوئی ریت پر نہیں رکھتا ہے جیسے وہ دیکھ رہا ہوتا ہے؛ ایمان مکمل طور پر خدا کے ابدی کلام کی نہ ہلنے والی چٹان پر بسیرا کرتا ہے۔ "اور ایمان کے وسیلے ،"

کلام کہتا ہے، "اُس نے ایسا کیا۔"

36 اور ایمان چٹان پر کھڑا ہوتا ہے، اور لہریں بنیادوں پر ٹکریں مارتی ہیں، اور وہ سیدھا موت کی آنکھوں میں دیکھتا ہے کیونکہ وہ جانتا ہے یہ تھوڑی دیر بعد ختم ہوجائیگی، کیونکہ ایمان سمندر پار اُسکی جانب دیکھتا ہے جس نے کہا تھا، "قیامت اور زندگی میں ہوں،" اور جسے سن کر تیز ہوائیں بھی ناکام ہوجاتی ہیں۔

37 موسیٰ کی ماں کے پاس ایسا ہی ایمان موجود تھا۔ اُس نے اُسے سکھایا اور فرعون کے محل میں اُس کی پرورش کی، اور اُسے بتایا کہ وہ ایک مقصد کے لیے پیدا ہوا ہے، اور یہوواہ نے اُس کی دُعا کا جواب دیا۔ اور، وہ...اُس کے پاس اس سے بہتر اُستاد کوئی نہیں ہو سکتا تھا۔ یہی وہ کردار تھا جس نے موسیٰ کے کردار کو ڈھالنے میں مدد کی تھی۔

38 مجھے یقین ہے یہ ابرہام لنکن تھا جس نے ایک بار اس طرح کا بیان دیا تھا...

39 اب، میں ڈیموکریٹ نہیں ہوں اور نہ ہی ریپبلکن ہوں، میں بس...میں ایک مسیحی ہوں۔ کیونکہ، میرا خیال ہے ایک فریق دوسری طرف والوں کے خلاف کچھ نہیں کہہ سکتا؛ کیونکہ سب کے اندر کرپشن ہے۔ لیکن، ابرہام لنکن، میرے خیال کے مطابق، ان میں سے ایک تھا...اور اس ریاست

ہائے متحدہ کے سب سے بڑے صدور میں سے ایک تھا؛ بشمول واشنگٹن، اور وغیرہ وغیرہ۔

40 اور، ابرہام لنکن کا ایک-ایک بُرا آغاز ہوا تھا۔وہ غریب تھا۔ اُس کا کوئی پس منظر نہیں تھا، یہاں تک تعلیم، یا-یا کوئی اور بڑی چیز، یا پیسہ، یا کوئی اور ایسی چیز نہیں تھی جو اُس کی مدد کر سکتی، جیسی چیز واشنگٹن کے پاس تھی۔ واشنگٹن ایک کالج سے گریجویٹ تھا، اور وہ-وہ تعلیم یافتہ تھا؛ وہ ایک ذہین آدمی تھا، اور شروع ہی سے، ایک عظیم آدمی تھا۔ لیکن لنکن کی پرورش کینٹکی کے بڑے میدانوں میں ایک چھوٹی سے جھونپڑی کے نیچے ہوئی تھی، اور اُس پرانی چھوٹی سی جھونپڑی میں فرش نہیں تھا، اور وہ اب یہاں لوئس ویل میں ایک یادگار کے طور پر قائم ہے۔ لیکن، ایک عظیم آدمی ہوتے ہوئے ،اُس نے اُس زمین پر پڑھنا لکھنا سیکھا، جس زمین پر وہ ہل چلاتا، اور مکئی اُگاتا تھا۔

41 اور یہ بات میں نوجوان لوگوں تک پہنچا رہا ہوں۔ کیا آپ جانتے ہیں ابرہام لنکن نے اپنی زندگی میں کبھی کوئی کتاب نہیں خریدی تھی، جب تک وہ اکیس سال کا نہ ہوگیا، بائبل اور فوکسی کی شہدا کی کتاب کے علاوہ؟ دیکھیں، جو کچھ آپ پڑھتے ہیں اُس سے آپ کا کردار بنتا ہے۔ کوئی تعجب کی بات نہیں کہ آج ہمارے پاس نیوروٹکس کا ایک گروپ ہے؛ پرانی فرضی کہانیوں کے چھوٹے

میگزین، اور بیہودہ اور بیکار چیزیں، ہمارے نیوز سٹینڈز پر پڑی ہوئی ہیں۔ اُس کے پاس بائبل اور فوکسی کی شہدا کی کتاب تھی۔ دیکھیں اُس نے اُسے کیا بنادیا !

42 لیکن اس سب کے باوجود ایک دن اُس نے ایک ایسا بیان دیا۔ اُس نے کہا "اگر مجھ میں کوئی اچھی چیز پائی جاتی ہے، تو وہ ایک خُدا پرست ماں کی وجہ سے ہے، " جس نے مجھے خُداوند کی خدمت کیلئے پالا تھا۔

43 آپ دیکھیں، ایک بچہ اپنی ماں کی بات سنتا ہے؛ ایک چھوٹا بچہ، اپنی ماں کی چھوٹی سی بات کو بھی سن لیتا ہے۔ جب اُسے تکلیف ہوتی ہے، تو وہ تسلی پانے کیلئے اپنے والد کے پاس جانے سے پہلے اپنی ماں کے پاس چلا جاتا ہے۔ کیونکہ، وہ سب سے پہلے اُس کے ساتھ تھی، آپکو معلوم ہے۔ اور کچھ نعمتیں ہیں جو خدا نے ایک ماں کے اندر رکھ دی ہیں، اور اُسے اسطرح کا بنادیا ہے؛ میرا اشارہ ایک حقیقی ماں کی طرف ہے۔ اب ،مجھے یقین ہے کہ مائیں عزت دار اور پرہیزگار ہوتی ہیں۔

44 لیکن میرا خیال ہے، مدرز ڈے، ایک طرح سے، تجارت کا دن بن گیا ہے، پھولوں اور باقی چیزوں سے بہت پیسہ کمایا جاتا ہے۔ جبکہ مدرز ڈے تو ہر روز ہونا چاہئے۔ مدرز ڈے پر ماں کو صرف پھولوں کا گلدستہ نہ بھیجیں، بلکہ پورا سال اُس سے پیار کرتے رہیں اور تین سو پینسٹھ دن اور رات، اُس کی

دیکھ بھال کرتے رہیں۔ لیکن، بے شک، کمرشل دُنیا نے اسے اور باقی چیزوں کو مضبوطی سے پکڑ لیا ہے، اور یہ-یہ-یہ ماں کی توہین ہے۔

"اوہ، ٹھیک ہے، پچھلے مدرز ڈے پر میں نے اُسے پھولوں کا ایک گلدستہ بھیجا تھا۔"

45 وہ اسے سہرائے گی، لیکن بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے، اُسکے پاس بیٹھ کر اُس سے تھوڑی دیر بات کریں، اُسکے لئے کچھ لکھیں، اُس کے کندھے پر تھپکی دیں، اُس کے گال پر بوسہ دیں، اور اُسے بتائیں آپ اُس سے پیار کرتے ہیں۔ یہ اُن تمام پھولوں سے بہت زیادہ بڑھکر ہو گا جو آپ پھول فروش سے خرید کر لاتے ہیں۔ یہ سچ ہے۔

46 میرا خیال ہے کہ یہ بات مرحوم سیسل ڈی میل کی، دس احکام والی مووی کے اندر موجود ہے، اُس نے فلمی دُنیا کے شاہکاروں میں سے اس ایک شاہکار کو لکھا اور سکرین پر پیش کیا تھا۔ اور اس سے پہلے کہ اسے منظرعام پر لایا جاتا، یا پیش کیا جاتا، سیسل ڈی میل نے اورل رابرٹس اور ڈیمس شاکیرین، اور فُل گاسپل کے خادموں کے ایک گروہ کو بلایا، اور اُنہیں اپنے سٹوڈیو میں لے گیا اور اُنہیں چار گھنٹے میں دس احکام مووی دکھائی، اور اُن سے اس بارے میں اُن کی رائے پوچھی۔ خُدا اُس کی بہادر رُوح کو سکون دے!

47 اور جب میں نے اس کو دیکھا، اور اس پر غور کیا، تو ایک چھوٹی سی بات ہمیشہ کیلئے میرے ذہن میں بیٹھ گئی۔ آپ میں سے بہت سے لوگ جنہوں نے اسے دیکھا ہے جانتے ہیں، جب موسیٰ کو معلوم ہوجاتا ہے وہ ایک-ایک عبرانی ہے، اور جب فرعون کی بیٹی... اور اُس نے فیصلہ کرلیا تھا کہ وہ اپنے لوگوں کے ساتھ رہیگا۔ تو وہاں ایک ماں جو کبھی خوبصورت تھی، اپنے سفید بالوں اور جھریوں والے چہرے، اور کمزور نظروں کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی، ایک پرانی کُرسی پر؛ ایک مثالی ماں بیٹھی ہوئی تھی، اور فرعون کی بیٹی اندر آتی ہے۔ اور موسیٰ نے کہا، "بتائیں، میں کس کا بیٹا ہوں؟"

48 اور جب یہ بات سامنے آئی تو یوکبد اُس کی حقیقی ماں تھی۔ فرعون کی بیٹی کو دیکھیں، اُس نے میک اپ وغیرہ کیا ہوا تھا، اور سب کچھ ٹھیک ٹھاک چل رہا تھا؛ اُس نے کہا، "بس، غور کرو! بے شک یہ تمہارا بیٹا ہے، لیکن،" اُس نے کہا، "میں نے اسے دولت اور شان وشوکت دی ہے۔ تُو نے اسے کیچڑ کے گڑھوں کے سوا کچھ نہیں دیا۔"

49 لیکن بوڑھی سفید سر والی ماں نے کہا، "لیکن میں نے اسے زندگی دی ہے۔" یہ چیز مختلف بنادیتی ہے۔ "میں نے اسے زندگی دی ہے۔" خُدا نے اسے ابدی زندگی دی ہے۔ کتنی سچی ماں ہے!

50 کبھی کبھی لوگ مجھ سے کہتے ہیں، میری عبادات میں ہمیشہ مسلسل ایسا

ہوتا ہے، اور میں "اکثر اوقات جی اُٹھنے پر منادی کرتا ہوں۔" اور میں نے آج صبح بھی، جی اُٹھنے پر حوالہ پڑھا ہے، جو کہ پہلے کرنتھیوں کے 15ویں باب کی چوتھی آیت ہے۔

51 لیکن، آپ دیکھیں، وہ مدرڈے پر اسے کس مقام پر رکھتے ہیں، ایک بزرگ خاتون کو پھولوں کے ایک گلدستہ کے ساتھ بٹھا دیتے ہیں، وہ بوڑھی ہے اور اُٹھ نہیں سکتی ہے، اور، وہ کمزور ہے، سفید بال ہیں، جھریاں پڑی ہوئی ہیں، اور کرسی پر بیٹھی ہوئی ہے۔ کافی حد تک یہ سچ ہے۔ لیکن میں اپنا تھیم لے کر آپ کے سامنے ایک اور تصویر کشی کرنا چاہتا ہوں کہ ماں کیا ہوتی ہے۔

52 کسی نے کہا، " آپ جی اُٹھنے پر بہت زیادہ تبلیغ کرتے ہیں۔ زیادہ تر پیغاموں میں قیامت کے بارے میں کچھ نہ کچھ ہوتا ہے۔"

53 یہ کیوں، ضروری ہے۔ اسلئے کہ۔ کہ یہ انجیل کی بنیادی آرام گاہ ہے۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ اُس نے کیا کیا، اگر وہ مُردوں میں سے دوبارہ زندہ نہ ہوتا، تو یہ سب کچھ بیکار تھا۔ یہ، بات میرے لئے، ثبوت ہے کہ وہ خُدا تھا۔ اور جی اُٹھنا؛ اُس کے ہر دعوے کو ثابت کرتا ہے! اور یہی مقام آپ کی سول کی آرام گاہ ہے۔ اور یہی نقطے کا آغاز ہے۔ اور یہی ہماری تسلی کا تاج ہے۔

54 اور جب ہم دیکھتے ہیں کہ وہ مُردوں میں سے جی اُٹھا ہے، تو یہ بات ہمیں،

انجیل کے ہتھیار کے ساتھ، محاذ جنگ پر، لڑنے کے لیے، اپنے مقام پر کھڑا کردیتی ہے۔ کیونکہ، ہم جانتے ہیں کہ اُس نے کہا تھا، "جو میری خاطر اپنی جان کھوئے گا وہ اُسے دوبارہ پائے گا۔"

55 اور میرے خیال کے مطابق جی اُٹھنا، اُس کے الٰہی وعدوں کی، اور پوری انجیل کی عظیم تاجپوشی ہے، اور جو اس پر ایمان رکھتے ہیں اُن کے لئے تسلی ہے۔ کیونکہ، اسی میں ہمارے دوبارہ اکٹھے ہونےاور عظیم ملن کا وعدہ موجود ہے۔اس نے وعدہ کیاہے، اور-اورتمام گناہ مٹ جائیں گے۔ اسی نے تمام خرابیوں کو دور کرنے کا وعدہ کیا ہے، اسی کیلئے ہم تمام مصائب سے گزرتے ہیں، اور اس زندگی میں پرشانیوں کو برداشت کرتے آرہے ہیں۔ اُس نے وعدہ کیا ہے، اور باقی سب کچھ ختم ہوجائیگا۔ اُس نے وعدہ کیا ہے کہ موت بھی اپنی گرفت کھو دے گی، اور ہم یسُوع کی طرح جی اٹھیں گے۔ لہٰذا، میری رائے کے مطابق، جی اُٹھنا کلام مقدس کے تمام وعدوں میں سب سے بڑا ہے۔یہی وہ مقام ہے جہاں اس پر مہر لگا دی گئی۔

56 اور گزشتہ ایسٹر پر میں نے ان پانچ باتوں پر منادی کی تھی:

جی کر، اُس نے مجھ سے پیار کیا؛ اور مر کر، اُس نے مجھے بچا لیا؛

دفن ہوکر، وہ میرے گناہوں کو بہت دُور لے گیا؛

لیکن ،زندہ ہوکر، اُس نے مجھے ہمیشہ کے لئے مفت
راستبازبنادیا۔

57 یہ میرے لیے وہ دن ہے،جو سب دنوں سے بڑا ہے ! اور غور کریں قیامت کے دن، اس کی ہم سب کیلئے کیا اہمیت ہوگی، ہم محنت کررہے ہیں اور اُس مبارک دن کا انتظار کررہے ہیں !

58 اس نے ہم سے وعدہ کیا ہے کہ کسی دن یہ بوڑھے، کمزور، ناتواں بدن، اور سفید بال، اور ٹوٹی ہوئی مائیں بدل جائیں گی۔ اور صرف ماں وہاں نہیں بیٹھی ہوگی، بلکہ اُس کے ساتھ، اُس کا سارا خاندان بھی بیٹھا ہوگا۔

59 اور وہ دن کیسا دن ہوگا ! وہ کیسا وقت ہوگا، جب ہم اُن لوگوں کے چہرے دیکھیں گے جن سے ہم بہت زیادہ پیار کرتے تھے ! وہ صبح کتنی اہم ہوگی، جب ہم اپنے پیاروں کو دیکھیں گے، اور-اور پھر یہ بھی دیکھیں گے کہ وہ کیا ہوں گے ! تمام مصائب ختم ہو جائیں گے۔اور سارے درد و غم ختم ہو جائیں گے۔ موت کی زردی کا مزید کوئی وجود نہیں رہے گا۔ آنکھوں سے مزید آنسو نہیں بہیں گے۔جی اُٹھنا ان سب باتوں کا وعدہ کرتا ہے۔ مزید جنازے نہیں ہوں گے۔ بچے کی گال پر مزید تھپکی نہیں دینی پڑیگی، وہ پتھر کے ٹکڑے کی طرح مضبوط ہوگا؛ یہاں دفن کرنے والا مصالحہ لگاتا ہے، مُردہ تیار کرتا ہے، رنگ لگاتا ہے ،اوروغیرہ وغیرہ ، تاکہ ایک قدرتی شکل نظر آئے۔

وہاں، اس کی کبھی ضرورت نہیں پڑیگی۔

60 پھر میں سوچتا ہوں کہ ہم اُس پار، اپنے عزیزوں، اپنی ماؤں، اپنے رشتہ داروں، اپنے تمام دوستوں اور باقیوں کو دیکھیں گے؛ اور اُنہیں اُنکے لافانی بدنوں میں، اور اُنکے آسمانی بدنوں میں اُنہیں دیکھیں گے ؛اور اُنکے کردار پر غور کریں گے، اور یہ دیکھیں گے وہ اُس مٹھاس اور احساس میں اپنے ساتھ کس طرح کا برتاؤ کرتے ہیں، مزید گھبراہٹ یا مایوسی نہیں ہوگی۔ اُنہیں وہاں خُداوند یسُوع کی مانند کھڑا دیکھیں گے، اور وہ ایک شاندار دن ہوگا۔

61 اور ہم میں سے ہر ایک، اپنے ذہن میں، اُس تسلی بخش گھڑی کا انتظار کر رہا ہے، جب ہم اُن سے ملیں گے۔ ہر ایک اپنےپیارے کے بارے میں سوچ رہا ہے، شاید اپنی ماں کے بارے میں جو چلی گئی ہے۔ اور وہ کیسا دن ہوگا، جب آپ اپنی ماں کو دوبارہ دیکھیں گے ! اور باپ کو، اور بھائی کو دیکھیں گے، اور باقی... اپنے تمام پیاروں کو دیکھیں گے، وہ کیسا کمال دن ہو گا !

62 میں بھی، اب، سوچ رہا ہوں۔ میں اپنے خاندان کے بارے میں سوچ رہا ہوں، اور میرے لیے وہ دن کتنا خاص ہوگا۔

63 میں یہ بات سوچ رہا ہوں، کہ جی اُٹھنے کی صبح، ہوسکتا ہے سب سے پہلے جس سے میری ملاقات ہوگی وہ میری ننھی شارون ہوگی۔ نہیں، وہ نہیں

لڑکھڑائے گی ۔ کیونکہ شیطان اُس جگہ نہیں جاسکتا ہے۔ کوئی گردن توڑ بخار اُس سرزمین کو کبھی چھو نہیں سکتا ہے۔ اور وہاں وہ مجھے کبھی الوداع نہیں کہے گی۔ اُس کی چھوٹی، نیلی آنکھیں جھوم اُٹھیں گی اور وہ اپنی بانہیں میرے گلے میں ڈال لے گی اور زور سے کہے گی، "ڈیڈی !" مجھے اُسے دیکھ کر اور یہ جان کر بہت خوشی ہوگی کہ وہ دوبارہ کبھی نہیں مرے گی؛ میں یہ جانتا ہوں سب کچھ ختم ہونے والا ہے، اسلئے میں جی اُٹھنے کی زیادہ منادی کرتا ہوں۔

64 پھر میں اُس کی ماں، اپنے بیٹے کی ماں، بلی کی ماں کو دیکھوں گا۔ اور میرے پاس بہت ساری یادیں ہیں جو ابھی باقی ہیں۔ مجھے یاد ہے جب میں اُسے اٹھانے جارہا تھا؛ یا مسٹر کوبس، اُسے آخری سواری کے لیے، یہاں سے اُٹھانے جارہے تھے، اور میں اُس کے پیچھے گاڑی میں بیٹھا ہوا تھا۔ جیسے ہی، ہم ٹھیک وہاں سیونتھ سٹریٹ پر پہنچے؛ بلی، اُس وقت اٹھارہ ماہ کا تھا۔

65 اور وہ اُسے باہر گلی میں لے آئے، تاکہ وہ اُسے دیکھ لے۔ اور وہ وہاں پڑی ہوئی ، اپنے بچے کو دیکھ کررو رہی ہوگی، لیکن وہ اُسے اپنے قریب نہیں لاسکتی تھی۔

66 اور پھر وہ سڑک پر آیا، اور نگہبان کے ساتھ واپس کی جانب نیچے سونتھ سٹریٹ پر-پر-پر چلا گیا۔ ماں اب یہاں اس وقت اس نگہبان کی حفاطت میں ہے۔ اور وہ وہاں باہر میدان میں، ایک چھوٹی سی پینٹ پہنے کھڑا ہوا تھا،

اور ایک چھوٹی سی سرخ ٹوپی اُس کے سر پر تھی۔ اور جب وہ ماں، سٹریچر پر لیٹی ہوئی، اُس ایمبولینس کے پیچھے پڑی ہوئی تھی، اور مجھے دیکھ رہی تھی، اگر اُسے معلوم ہوتا، کہ وہ اپنی آخری سواری کررہی ہے، اور اپنے بچے کو میدان میں کھڑا ہوا دیکھ رہی ہے، تو وہ چارپائی سے اُٹھ جاتی اور چلاتی، اور اپنی کمزور بانہیں پھیلاتی، اور اپنے بچے کو اُس میدان میں گلے لگالیتی۔ لیکن وہ اُسکے ساتھ ایسا نہیں کرسکتی تھی۔

67 اوہ، اُس دن اُسے دیکھ کر خوشی ہوگی۔ نہیں، پھر اُس کے کمزور ہاتھ نہیں ہوں گے، نہ اُس کے گال دھنسے ہوں گے۔ بلکہ وہ آسمانی خوبصورتی میں آسمانی ملکہ کے روپ میں، بطورِ ایک ماں کھڑی ہوگی۔ اُس کی کالی آنکھیں، کوے کے سیاہ پروں جیسی ہونگی، اور خوشی سے ناچ رہی ہوں گی۔ اُس کے کندھے کبھی نہیں جھکیں گے؛ اور، اُس دیس میں ٹی بی کا شیطان کبھی داخل نہیں ہوگا۔ بلکہ، لافانیت، اُس کی مانند سدا قائم و دائم رہے گی۔

68 مجھے لگتا ہے، پھر، اگلی ملاقات میری ایڈورڈ سے ہوگی، جسے ہم پیار سے" ہمپی، " کے نام سے پکارتے تھے۔ وہ برینہم خاندان کی، نوکریوں والی زنجیر کی پہلی مضبوط کڑی تھی۔ وہ مجھ سے چھوٹا تھا؛ اور ناطہ توڑنے والوں میں پہلی کڑی تھا۔ میں ایڈورڈ کو دوڑتا ہوا اپنے پاس آتے دیکھوں گا۔ دیکھیں، وہ لڑکپن میں، انیس سال کی عمر میں وفات پاگیا تھا۔ اور جب میں اُس کا

ہاتھ تھام لونگا، مجھے یقین ہے کہ ہمارے پاس لڑکپن کے بارے میں بات چیت کرنے کے لیے بہت سی باتیں ہوں گی، کیونکہ ہم دوست تھے۔ ہم ایک ساتھ جڑے ہوئے تھے۔اور ایک حقیقی بھائی کی طرح،وہ مجھے اپنے کپڑے،اور-اور-اور باقی چیزیں استعمال کرنے دیتا تھا۔ اُسے دوبارہ دیکھ کر بہت خوشی ہوگی۔

69 اور میں اُسے کچھ اس طرح کہتے ہوئے سنوں گا، "کیاتم میری بات سمجھ گئے، بل؟ جب میں زمین سے جارہا تھا اُس وقت تم مویشیوں کے فارم میں کام کر رہے تھے۔ اور میں نے ہسپتال میں سے،واپس پیغام بھیجا تھا، 'کہ بل کو بتادو سب کچھ ٹھیک ہے۔'"

میں خوشی سے کہوں گا، "ہاں، مجھے میدان میں تمہارا پیغام مل گیا تھا۔"

70 پھر، مجھے لگتا ہے، اگلی ملاقات میرے ڈیڈی سے ہوگی۔ وہ دنیا سے جانے والی اگلی کڑی تھی، اور... نہیں۔

71 بلکہ میرا خیال ہے اگلی کڑی، ایک جوان بھائی چارلس تھا۔ اور جب وہ محض لڑکا ہی تھا تو اُس کا ایک گاڑی کے ساتھ ایکسیڈنٹ ہوگیا تھا۔ چلتے چلتے وہ ہمیشہ اپنی دائیں ٹانگ کو گھسیٹا کرتا تھا، لیکن، آپ جانتے ہیں، جب میں اُسے دیکھوں گا، تو وہ اُس ٹانگ کو نہیں گھسیٹے گا۔یہ سب پریشانیاں ختم ہو جائیں گی، وہ جوانی کی شان میں کھڑا ہو گا۔

72 اور وہ مسکراتے ہوئے ، مجھ سے ، کچھ اس طرح کہے گا۔ وہ کہے گا، " ہاں، بل، یہاں کوئی حادثہ نہیں ہوتا ہے۔ اور مجھے یاد ہے کہ گاڑی کے ساتھ ایکسیڈنٹ ہونے سے ایک رات پہلے، تم نے مجھ سے ایک بات کی تھی، ہم اپنے چھوٹے عاجز گھر کے چھوٹے سے محراب کے نیچے کھڑے تھے، "اور میں، اوپر کی طرف دیکھ رہا تھا۔ "جانے سے چند گھنٹے پہلے، تم نے مجھ سے خُداوند کے بارے میں بات کی تھی۔ اور جب میں چلا گیاتو تم منبر پر تبلیغ کر رہے تھے۔"

73 پھر ڈیڈی آئے گا۔ اوہ، میں اُسے دیکھ سکتا ہوں۔ بحر حال وہ مجھے بہت زیادہ کوڑے مارتا تھا، کیونکہ مجھے اُن کی ضرورت تھی، لیکن میں اُس دن سیاہ لہراتے ہوئے بالوں کا جھٹکا دیکھوں گا، جو پہلے سے کہیں زیادہ شاندار ہوں گے۔ اور وہ میری طرف دیکھے گا، اور کہے گا، "اے میرے بیٹے، کیا تم جانتے ہو، ڈیڈی کبھی بھی، اس میز سے بھوکا نہیں جائے گا، اپنے بچوں کو کھانا کھلاو، کیونکہ ہمارے پاس یہاں بہت کچھ ہے۔ یہاں کبھی بھی کسی چیز کی کمی نہیں ہوگی۔"

74 تاکہ اُسے دیکھیں وہ کب کام پر جائے گا، اور دن کے پچاس یا پچھتر سینٹ کما کر لائے گا، اور پھر دسترخوان بچھائے گا تاکہ بچے کھانا کھا سکیں، اور پھر واپس کام پر لوٹ جائے گا۔ وہ اتنی محنت کرتا تھا کہ اُس کی قمیض اُس کی کمر

سے دھوپ کی وجہ سے جل جاتی تھی، اور ماں قینچی سے کاٹ کر اُسے اتارتی تھی۔

75 میں اُسے کچھ اس طرح کہتے ہوئے سنوں گا، "بل، تمہیں یاد ہے کہ اُس رات تم اور بھائی جورج میرے لیے دعا کرنے آئے تھے جب میں جا رہا تھا؟ تمہیں معلوم ہے، میں نے ماما کو بتایا تھا کہ بستر پر دو سفید فرشتے کھڑے ہیں، اور ایک سرخ فرشتہ پاؤں کی طرف ہے۔ اور سرخ فرشتہ مجھے حاصل کرنے کی کوشش کر رہا تھا، لیکن سفید فرشتہ درمیان میں کھڑا ہوگیا۔ آخر کار اُنہوں نے مجھے گھر تک پہنچا دیا۔"

76 پھر، اسی طرح، جانے والی اگلی کڑی، یا جو چلا گیا تھا، ہاورڈ آئے گا۔ میں ہاورڈ کو دیکھوں گا؛ ہم دوستوں کی طرح ہر جگہ زینوں پر، اکٹھے گھومتے تھے؛ اُس عظیم شخصیت کو؛ خادم بننے کے لیے بلایا گیا، لیکن اُس کے ساتھیوں نے اُسے واپس بلا لیا۔ آخری بات جو میری اُس سے ہوئی تھی، اُس نے کہا تھا، "دیکھ میں جارہا ہوں، بل...."

77 میں-میں نے اُسکے جانے سے پہلے، تقریباً چار سال پہلے، ایک رویا میں اُسے جاتے دیکھا تھا۔ میں نے اُسے بتایا میں نے تیری قبر پر ایک دھماکہ دیکھا ہے اور وہ اگلی کڑی تھا۔

78 اور اُس نے کہا، "ایک چیز ہے جو میں چاہتا ہوں کہ آپ میرے لیے

کریں۔" اُس نے کہا، "میں نے اپنی زندگی کو الجھالیا ہے۔ میں شادی شدہ ہوں اوروغیرہ وغیرہ۔ اورمیں-میں نہیں جانتا کیا ہوا ہے۔"

میں نے کہا، "کیا تم اُس پر ایمان رکھتے ہو، ہاورڈ؟"

79 اُس نے کہا، "میں اپنے پورے دل کے ساتھ،اُس پر ایمان رکھتا ہوں۔" جانے سے تقریباً دو یا تین دن پہلے، اُس نے بھائی نیول اور باقی لوگوں کے سامنے، خدا کے ساتھ صلح کر لی تھی۔ اور اُس نے کہا، "ایک کام ہے جو میں آپ سے کروانا چاہتا ہوں۔ جب میں یہاں سے جاؤں، بل،توانہیں کہنا میرے لیے یہ گیت گائیں، 'وہ سمجھ جائے گا،اور کہے گا، "شاباش۔""""

80 مجھے یقین ہے، ہاورڈ سے ہاتھ ملانے سے پہلے، میں اُسے یہ کہتے ہوئے سنوں گارکو اورمجھے دیکھو، اور کہے گا، "بل، وہ سمجھ گیا ہے۔"

81 اس کے بعد، برادر سیورڈ، برادر فرینک بروئے، برادر جورج ڈی آرک آئیں گے۔ اوہ،جی اُٹھنا میرے لیے بہت معنی رکھتاہے۔ میں اُس عظیم تاجپوشی کے وقت کا انتظار کر رہا ہوں۔ اورپھر جیسے ہی روشنی پھیلنا شروع ہوگی، "ہم جانتے ہیں دیکھیں ہمیں پہچان لیا جائے گا۔" ہم سمجھ جائیں گے،اور-اور ہم اپنے جاننے والوں کو یادرکھیں گےجو-جو وہاں موجود ہوں گے۔

82 اور-اور بہت سارے، اور وہاں بہت سارے ایسے ہوں گے جن کے بارے میں ہم نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا وہ وہاں ہونگے۔ کیونکہ، آپ جانتے ہیں، یہ وہ وقت ہے ، میں یقین رکھتا ہوں کہ "جو روٹی ہم مشکل کے پانیوں میں ڈالتے رہے ہیں، اُسکا اجر ہمیں اُس دن ، واپس ملے گا۔" اور یہاں ہم اپنی گواہی کے اثرات دیکھ سکتے ہیں، وہ لوگ جنکے اعمالوں کے بارے میں ہم سمجھ نہیں سکے تھے، شاید وہ لوگ وہاں موجود ہوں۔ وہ دن کیسا کمال دن ہوگا !

83 اور جو بیج ہم نے لگائے تھے، اور ابتدائی طور پر ،جن پر ہم نے غور نہیں کیا تھا، اب وہ پھلتے پھولتے نظر آرہے ہیں۔ وہ بیش قیمت پھل پیدا کررہے ہیں، اور ہم اُنہیں اُس دن، اپنے من موجی عزیزوں اور رشتے داروں کے ساتھ دیکھیں گے۔

84 اور میں اُن ہزاروں کے بارے میں سوچ رہا ہوں جنہیں میں نے بدلتے دیکھا ہے، ہاں، بڑھکر، لاکھوں میں ہوگئے ہیں، اور یہ اُن کی خدمت تھی۔ اوہ، جی اُٹھنا اُس سے بڑھکر ہوگا۔ گھومنے پھرنے، ہاتھ ملانے اور ایسی چیزوں کو تلاش کرنے کیلئے جو میں ابھی تک نہیں جانتا، مجھے ایک ابدیت درکار ہوگی۔

85 وہاں سفید سروں والی بوڑھی مائیں ہوں گی، جنہیں آپ آج کے دن سفید

پھول پیش کر رہے ہیں، وہ آپ کو دیکھیں گی ، اور وہ خوبصورت ہوں گی۔ دیکھیں پھولوں کا کوئی گلدستہ، یا سفید سر والی بوڑھی ماں کی تصویر اُسکی عکاسی نہیں کرسکتی ہے ؛ بلکہ جی اُٹھنے کے نمونے اور خوبصورتی میں، وہ مسیح کی مانند کھڑی ہوں گی، اُن کے آسمانی جسم، ہمیشہ کے لیے جوان اور خوبصورت ہونگے۔ یقینا، یہ -یہ وہ مدرز ڈے ہوگا جس کا میں انتظار کر رہا ہوں۔ یہ تاجپوشی ہے۔ یہ بیرونی تاجپوشی نہیں ہے، بلکہ یہ سول کی تاجپوشی ہے، کیونکہ خدا نے اُسے بدل دیا ہے !

86 میں اپنی ماں کے بارے میں سوچ رہاہوں، وہ بوڑھی اور کمزور ہے، اور فالج کی شکار ہے۔ وہ اُس دن اسکی شکار نہیں ہوگی۔ تب مختلف وقت ہوگا ۔ اور جیسے ہی وہ عظیم روشنی پھیلنا شروع ہوتی ہے، اور ہم ارد گرد دیکھنا شروع کرتے ہیں، تو وہ بڑا دائرہ عظیم تر اور عظیم تر اور عظیم تر ہوتا جائے گا۔ یہ سب کچھ یسُوع تک رسائی حاصل کرنے کی عکاسی کررہا ہے۔ "اور کچھ دیر بعد، "جیسا گیت میں کہا گیا ہے، "اور آخر کار میں یسُوع کو دیکھ لوں گا۔"

وہ میرا انتظار کررہا ہوگا، یسُوع، بہت مہربان اور سچا
ہے۔
وہ اپنے خوبصورت تخت سے میرا گھر میں استقبال
کرے گا

یہ دن گزرنے کے بعد ایسا ہوگا۔

87 جب ہم اُسے دیکھیں گے، ہم ایسے نہیں ہونگے جیسے ہم اب ہیں۔ بلکہ ہم۔ہمیں معلوم ہوجائیگا اُس سے مزید محبت کیسے کرنی ہے۔ ہمیں پیچھے ہٹنے کا ذرا بھی خوف نہیں ہوگا؛ کیونکہ، ہم اُس کی مانند ہوں گے۔ ہم...اُس سے اب کے مقابلے میں ہمارا رشتہ زیادہ پکا ہوجائیگا۔ ہم اُسے اور اچھی طرح سمجھ جائیں گے۔ کیونکہ، ہم فانی جسموں میں، بہت دور ہیں؛ تب ہمارے پاس اُس کے جلالی جسم جیسا جسم ہوگا۔ ہمیں معلوم ہوجائیگا اُسکی حمد کیسے کرنی ہے۔ "اورہم اُس ہستی کی حضوری پر غور کرتے ہیں، کہ اُس نے ہمیں بدل دیا ہے اور ہمارے لئے کیا کیا کِیاہے، وہاں بوڑھے جوان ہو جاتے ہیں، اورٹیڑھے سیدھے ہوجاتے ہیں، اوہ، پھر ہم سمجھ جائیں گے کہ اُس کی قدرت نے ہمیں کیوں شفا دی تھی۔

88 اورہمارے ذہنوں میں یہ سوالات چل رہے ہیں، "وہ یہ کیسے کر سکتا ہے؟ یہ کیسے ہوسکتا ہے؟" کسی نہ کسی طرح، پراسرار طریقے سے، یہ سب سوال ختم ہو جائیں گے۔ وہ گانٹھیں جو ہمارے ذہنوں میں بندھی ہوئی ہیں، "کیا ایسا ہوگا؟ یہ کیسے ہو سکتا ہے؟" کسی نہ کسی طرح، یا کسی بھی طریقے سے ،وہ جلالی انگلیاں، ان گانٹھوں کو سلجھا دیں گی اور کھول دیں گی، اوریہ سب محبت کے ایک بڑے تاج میں سمٹ جائیں گی۔

89 تب ہم اُسکی مانند ہونگے ۔ اور پھر ہم اُسے دیکھیں گے ۔اور اُس کی ستائش کریں گے۔ پھر ہم ماں کو اُس روپ میں دیکھیں گے جس میں خدا چاہتا ہے۔

ماں وہاں اپنے خاندان کے بغیر مکمل نہیں ہو گی۔

90 کیونکہ، اُس کی زندگی کا سب سے اچھا وقت وہ ہوتا ہے جب وہ اپنے بچوں کو میز کے ارد گرد دیکھتی ہے، اورسب بچے صحت مند اور خوش ہوتے ہیں؛ اور-اور-اورماں کو کوفی ڈالتے ہوئے، یا کچھ اور کرتے ہوئے دیکھتے ہیں، اور وہ رات کا کھانا تیار کرے، اور ماں اور باپ ایک ساتھ بیٹھ کر کھائیں۔ دیکھیں،ماں کی زندگی کا سب سے زیادہ خوشگوار وقت وہ ہوتا ہے،جب وہ اپنے سب بچوں کو گھر میں دیکھتی ہے۔

91 دیکھیں ، اسے نظر انداز نہ کریں، اس دن کو نظر انداز نہ کریں۔ آپ اپنے خاندان کی عظیم زنجیر کو ایک ساتھ جوڑے رکھیں، کڑی سے کڑی ملائے رکھیں۔ ہر بات کو درستگی سے چلنے دیں۔ پھر ہم اپنے گھر والوں اور گروہوں کے ساتھ بیٹھیں گے، اور ابدیت کے سائے کے نیچے،وہ دن کیسا کمال دن ہوگا !پھر ہمیں اس بات کی سمجھ لگ جائے گی۔

92 یہ وہ تھا جس نے اس کا وعدہ کیا تھا، اور مکاشفہ 1 میں، فرمایا تھا، کہ ''اُس کے مُنہ سے دو دھاری تیز تلوار نکلتی تھی۔'' ''وہ کلامِ خُدا کہلاتا تھا۔''

اور اُسی کے لبوں نے، یہ فرمایا تھا، "میں وہ ہوں جو مر گیا تھا، اور زندہ ہوں؛ اور ابدُالآباد زِندہ رہُوں گا۔" اور انہی لبوں نے، مُقدس یوحنا 6، تیس -...میں یہ فرمایا تھا، کہ، "میں کچھ بھی نہیں کھوؤں گا، بلکہ میں اُسے آخری دن دوبارہ اٹھا کھڑا کروں گا۔" ان ہی بیش قیمت لبوں سے؛ اُس نے یہ وعدہ کیا تھا۔ اور وہی ہے جو ہمیں بچاتا ہے، ہمیں شفا دیتا ہے، ہمیں چھڑاتا ہے، اور وہی ہمیں آخری دن اٹھا کھڑا کرے گا۔

93 اگر آپ وہ چھوٹی سی کمزور کڑی ہیں جس کی وجہ اُس دن اُس عظیم خاندان کے اتحاد میں رخنہ پڑے گا، تو آسمان کا خدا، آج صبح، کسی پراسرار طریقے سے، ان چھوٹی چھوٹی گانٹھوں کو کھول دے گا جو آپ کے دماغ میں لگی ہوئی ہیں، اور آپ پر وہ محبت ظاہر کر دے گا جو وہ آپ سے کرتا ہے، تاکہ آپ اُس کی خدمت پیار سے کرنے کیلئے تیار ہو جائیں۔

آئیں ہم ان باتوں پر مزید غور کرتے ہیں، اور آئیں ہم دعا کرتے ہیں۔

94 اس سے پہلے ہم دعا کریں، جبکہ آپ نے اپنے سر جھکا لیے ہیں، تو میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں۔ کیا آپ، اس مدرز ڈے پر، قیامت کے منتظر ہوتے ہوئے، اپنی زندگیوں کو نئے سرے سے اُس کے لیے مخصوص کرنا چاہیں گے؟ کیا آپ اُس کے لئے اپنے ہاتھ بلند کریں گے؟ جبکہ ہر کوئی...خُدا آپ کو برکت دے۔

95 کیا یہاں اس وقت کوئی گنہگار ہے، جو کہے گا، "اے خُدا، میں نے ابھی تک اپنے آپ کو اُس کڑی میں نہیں جوڑا ہے۔ میں وہ گمشدہ انسان ہوں جب ماں آسمان پر مجھے ادھر اُدھر تلاش کرے گی تو میں وہاں نہیں ہوں گا۔ میں وہاں نہیں ہوں گا، کیونکہ میں نے ابھی تک خُدا کے ساتھ صلح نہیں کی ہے۔ میرے اندر ابدی زندگی کی کوئی امید نہیں ہے۔ لیکن آج میں-میں یہ کرنا چاہتا ہوں"؟ کیا آپ اپنا ہاتھ اٹھا کر، یہ کہیں گے، "بھائی برینہم، مہربانی سے اس وقت، میرے لیے دعا کریں۔ میں چاہتا ہوں مجھے دعا میں یاد رکھا جائے، کیونکہ زندگی کی دھارا میں، سُمندر پار میرے پیارے موجود ہیں، میں اُن سے ملنا چاہتا ہوں۔"؟ تو اپنے ہاتھ اٹھائیں۔

96 یا کوئی ایسا شخص ہے جو پیچھے ہٹ گیا تھا، اور آج کے دن واپس آنا چاہتا ہے، تو وہ کہے، "اے خُداوند، میں اپنے آپ کو دوبادہ تیرے لئے مخصوص کرتا ہوں؛ اور تیرے ساتھ ایک نیا عہد باندھتا ہوں،" کیا آپ اپنا ہاتھ بلند کریں گے؟

97 ہمارے آسمانی باپ، ہر گزرتے دن کے مقابلے میں، ہم اُس عظیم دن کے قریب تر ہوتے جا رہے ہیں۔ اور ہمیں ہر سال، مجبور کیا جاتا ہے، کہ ہم اس نمونے پر غور کریں۔

98 جیسے پینتیکوست کے دن اکثر لوگ یروشلیم جاتے تھے، اور خیمہ کی اور

ہیکل کی صفائی کرتے تھے، اور -اور گناہ کی قربانی پیش کرنے کے لئے وہاں جاتے تھے، اور ہر سال اُنہیں یاد دلایا جاتا تھا، کہ وہاں ایک برّہ قربان کیا گیا ہے، اور ایک ایسا وقت آئے گا جب خُدا کا برّہ قربان کیا جائے گا، اور گناہ سے چھٹکارا مل جائے گا۔ دیکھیں ہر بار جب وہ چھوٹا برّہ زور زور سے چلاتا تھا، تو خون اُن کے ہاتھوں پر چھڑکا جاتا تھا، اور اُنہیں یاد دلایا جاتا تھا کہ ایک وقت ایسا آئے گا جب خُدا کا برّہ آئے گا، اور وہ بھی چلائے گا، "ایلی ایلی لما... ایلی ایلی لما...؟" صلیب پر چلایا۔

اے خُدا، میری یہ دعا ہے، کہ ہم آج اسے دیکھیں اور اسے سمجھیں...

99 چند ہفتے پہلے، کیلیفورنیا میں، آپ کی خدمت کے لیے جانے سے پہلے، یہ انڈیانا خالی اور بے جان لگ رہا تھا، اور بظاہر، کوئی زندگی نظر نہیں آرہی تھی۔ پچھلے موسم خزاں میں پھول مرچکے تھے۔ درختوں کے پتے جھڑ چکے تھے۔ اور درختوں کا عرق جڑوں میں چلا گیا تھا، اور سب کچھ مر گیا تھا۔

100 لیکن پھر ایک موسم آیا اور سورج ایک مختلف انداز میں چمکنا شروع ہوا۔ یہ وہی سورج تھا جو سردیوں میں چمکا تھا، لیکن اس بار عناصر بدل گئے تھے اور یہ مختلف طریقے سے چمک رہا تھا۔ اور جب سورج چمک رہا تھا تو تمام عناصر سرگرم ہوگئے تھے، اور زندگی ہر جگہ ظاہر ہونے لگ گئی تھی، اور پتے درختوں پر واپس آنا شروع ہوگئے تھے۔ اور پتے...جبکہ زندگی پتوں کو

چھوڑ گئی تھی، اور پتے نیچے گر گئے تھے ، اور زندگی نیچے زمین میں چلی گئی تھی؛ لیکن ایک نئی خوبصورتی کے ساتھ، اور بھرپور جوانی کے ساتھ زندگی واپس آگئی۔ وہ پھول جس نے اپنی جان اور-اوراپنی خوشبو دے دی تھی، جس نے اپنی چمکدار خوبصورتی کو قربان کر دیا تھا اور زمین میں چلا گیا تھا؛ وہ دوبارہ پیدا ہوا، اور اپنی جوانی میں ، ایک نئی خوشبو کے ساتھ پھوٹ نکلا۔

خداوند، ہمیں ان گھڑیوں میں، کیا یاد دلایا جاتا ہے؟

101 دنیا ایک ویران صحرا سے نکل کر، ایک شاندار چیز بن رہی ہے، اور آسمانی خوبصورتی میں ڈھل رہی ہے، اور شہد کی مکھیاں اور پرندے گا رہے ہیں، اور ہر چیز ہلکی پھُلکی ہو گئی ہے، اور درخت موسم بہار کی-کی گرم ہوا کے جھونکوں سے جھوم رہے ہیں۔ سورج، n-u-s کی وجہ سے، زمین پر ایک بار پھر گرمی اور خوشی چھا گئی ہے۔

102 لیکن کسی دن n-o-s اپنے پروں کے نیچے شفا لیکر آئیگا، اور وہ چھوٹی چھوٹی زندگیاں جو درخت کے عرق کی طرح، زمین کے نیچے چھپی ہوئی ہیں، اور-اور وہ زندگی جو پھول کے اندر تھی ،دوبارہ سے نئی ہو جائیگی ، اور پھر کبھی نہیں مرجھائے گی۔ اوہ، ہم اس کیلئے آپکے بہت شکرگزار ہیں !

103 اور آج صبح، بہت زیادہ لوگوں نے ہاتھ اٹھائے تھے، کیونکہ وہ جان گئے تھے کہ پردے کے پار، بھی کچھ ہے۔ اور یہ لوگ ماں کو دیکھنے کی خواہش رکھتے

ہیں۔ یہ اپنے پیاروں اور اپنے آشنا کو دیکھنے کی آرزو رکھتے ہیں، اور یہ ان تمام بھیدوں کو جاننا چاہتے ہیں، تاکہ یہاں آتے رہیں، اور وقت کے ساتھ ساتھ آگے بڑھتے رہیں۔ یہ سب کچھ پوشیدہ پردے کے پیچھے پڑا ہوا ہے۔ اور کسی دن تیری آمد ہوجائے گی ۔اور خُداوند ؛جنہوں-جنہوں -جنہوں- جنہوں نے اپنے ہاتھ اُٹھائے تھے؛ وہ پُریقین ہونا چاہتے ہیں۔ وہ اپنے آپ کو دوبارہ نیا بنا رہے ہیں، اور میں بھی۔ اب ہماری مدد کر، اے خُداوند۔ ہمارے ایمان اور ہماری طاقت کو نیا بنادے۔

104 اور ہم محسوس کرتے ہیں کہ خُداوند قریب آرہا ہے۔ اور پچھلے چالیس سالوں سے، اس دھرتی پر ایک نیا پینتیکوست چل رہا ہے۔اور رُوح نے چیزیں ظاہر کرنی شروع کردیں ہیں۔ اور آمد سے پہلے، ہم یہاں آخری نشان پر ہیں۔ ہم جانتے ہیں خُداوند کی آمد قریب ہے۔ اور ہم دیکھ رہے ہیں بیمار اپنی بیماریوں سے شفا پارہے ہیں، اور دیکھیں یہ بات رسولوں کے بعد ، اس پوری دنیا میں تقریباً دو ہزار سالوں، سے پوشیدہ رہی تھی۔ لیکن اب یہاں یہ پھر سے ظاہر ہو رہی ہے، انبیاپیدا ہو رہے ہیں، فرشتے ظاہر ہو رہے ہیں، نشان اور معجزات رونما ہورہے ہیں۔ یہ کیا ہے؟ قیامت قریب آرہی ہے۔ اور s-o-n بیٹا آرہا ہے۔

105 آئیں ، خُداوند کیلئے تیار ہوجائیں۔ آئیں خُدا کے ہر وعدے کو تھام لیں؛ ان

چھوٹی چھوٹی گانٹھوں کے بارے میں مت سوچیں جو سائنس کے ذریعہ لگائی گئی ہیں، اور کہتے ہیں، ایسا نہیں ہو سکتا ہے۔ آئیں آج صبح، اُس لافانی کے وسیلے، ان کو کھولنا شروع کریں...[ٹیپ پر خالی جگہ ہے -ایڈیٹر-] ...وہ بائبل کے الفاظ کے ساتھ ایسے گونجتا ہے، جیسے خوبصورت بجانے والے ساز کے ساتھ، گایا جاتا ہے۔ "میں وہ ہوں جو مر گیا تھا، اور ابد تک زندہ رہوں گا۔" "تھوڑی دیر باقی ہے، دنیا مجھے پھر نہ دیکھے گی؛ لیکن تم مجھے دیکھو گے۔" "کیونکہ میں تمہارے ساتھ، بلکہ دنیا کے آخر تک، تمہارے اندر رہوں گا۔" "خُدا فرماتا ہے، کہ آخِری دِنوں میں اَیسا ہوگا، کہ مَیں اپنے رُوح میں سے ہر فرد بشر پر ڈالُوں گا؛ اور نشان اور عجیب کام دکھاؤں گا؛ اور تُمہارے جوان رویا، اور تُمہارے بُڈھے خواب دیکھیں گے،" اور یہ آخری وقت کی نشانی اور آخری وقت کی بارش ہے۔ اے خُداوند، کاش آج صبح، ہمیں یہ احساس ہوجائے، اور ہمارا ایمان محفوظ ہو جائے۔ اور ہم یہ یسُوع کے نام میں مانگتے ہیں۔ آمین۔

59-0510M مدرز ڈے

برینہم ٹیبرنیکل

جیفرسن ویل, انڈیانا یو۔ ایس۔ اے۔

URDU

©2024 VGR, ALL RIGHTS RESERVED

وائس آف گاڈ ریکارڈنگز، پاکستان آفس

B/3 ،700، کشمیر کالونی ڈبل روڈ، کراچی 75500، پاکستان

فون نمبر: 0092-345-2495637

VOICE OF GOD RECORDINGS

P.O. BOX 950, JEFFERSONVILLE, INDIANA 47131 U.S.A.

www.branham.org

حقِ اشاعت کی اطلاع

تمام جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یہ کتاب ذاتی استعمال کیلئے گھر میں پرنٹر پر چھاپی جاسکتی ہے، اور بلا قیمت تقسیم کی جا سکتی ہے، جوکہ یسُوع مسیح کی انجیل پھیلانے کا ایک ذریعہ ہے۔ اس کتاب کو فروخت نہیں کیا جاسکتا، اور نہ ہی دوبارہ بڑے پیمانے پر چھاپا جاسکتا ہے، اور نہ کسی ویب سائٹ پر لگایا جاسکتا ہے، اور نہ ہی اسے کسی بازیابی کے نظام میں ڈالا جاسکتا ہے، اور نہ ہی دوسری زبانوں میں اس کا ترجمہ کیا جاسکتا ہے، اور نہ ہی وائس آف گاڈ ریکارڈنگز کی جانب سے واضح تحریری اجازت نامے کے بغیر کسی فنڈز وغیرہ کا اصرار کیا جاسکتا ہے۔

برائے مہربانی، مزید معلومات کے لئے یا دیگر مواد کے لئے رابطہ کریں:

وائس آف گاڈ ریکارڈنگز، پاکستان آفس

B/3 ،700، کشمیر کالونی ڈبل روڈ، کراچی 75500، پاکستان

فون نمبر: 0092-345-2495637

VOICE OF GOD RECORDINGS
P.O. BOX 950, JEFFERSONVILLE, INDIANA 47131 U.S.A.
www.branham.org